© rasailojaraid.com

بنتِ امیر شریعت سیدہ اُمّ کفیل مدظلہا

# سلام

سید الکونین کے سب جاں نثاروں کو سلام
دین کے اُن اوّلیں بنیاد کاروں کو سلام

سربکف قرآں بلب رہتے تھے جو گرد نبی
بدر کے اُن تین سو تیرا ستارو ں کو سلام

رات کو تھیں سجدہ گاہیں دیدۂ گریاں سے تَر
صبحدم جنگاہ میں ، اُن شہسواروں کو سلام

ہم تو ہیں ہی نام لیوا، معترف منکر بھی ہیں
اُن جگرداروں، شہیدوں، جاں سپاروں کو سلام

گولیوں سے بھون ڈالا جن کو اعظم خان نے ☆
اُن کی روحوں پر سلام، اُن کے مزاروں کو سلام

دارِ بنی ہاشم، ملتان
(اگست، ۲۰۰۳ء)

---

☆ جنرل اعظم خان، جس کے مارشل لائی حکم پر ۱۹۵۳ء کی تحریک تحفظ ختم نبوت میں لاہور میں سینکڑوں مسلمان شہید کر دیئے گئے۔


© rasailojaraid.com